یوتھ کارنر(یوناہ کی کتاب)

میری دعا ہے کہ یہ مطالعہ آپ کے لیے باعث برکت ہو! خدا کرے کہ جب آپ ان مضامین کو پڑھیں تو آپ کو یہ احساس ہو کہ آپ مسیحی ایمان میں اکیلے نہیں بلکہ ہم خداوند یسوع مسیح میں بہن بھائی ملکر خداوند کے پاک کلام کی سچائیوں کا مطالعہ کرتے ہیں۔اورظاہر ہےہم سب ایک ہی منجی پر ایمان رکھتے ہیں اور ہم سب کا خدا ایک ہی ہے۔آج اس مضمون میں ہم یوناہ ۳:۱۔۲ آیات کو دیکھیں گے اس پورے باب میں ہم یوناہ کی خدا کے حکم کے لیے تعمیل دیکھتے ہیں لیکن اُس سے تعمیل سے کہیں بڑھ کر خدا کا فضل جو یوناہ کی زندگی میں ہر مقام پر نمایا ں ہے۔

آیات ۱۔۲ اور خدا کا کلام دوسری بار یوناہ پر نازل ہوا کہ

اُٹھ اُس بڑے شہر نینوہ کا جا اور وہاں اُس بات کی منادی کر جس کا میں تجھے حکم دیتا ہوں۔

یوناہ کی کتاب کے اس حصے میں ہم خدا کی اُس عظیم محبت کو واضع طور پر دیکھتے ہیں جو وہ اپنے لوگوں کے لیے رکھتا ہے نا صرف اُس کے ساتھ قربت رکھنے والوں کے لیے بلکہ اُن کے لیے بھی جو اُس سے بہت زیادہ دور ہیں یعنی نینوہ کے لوگ۔بے شک یوناہ نے خدا کے حکم کی تعمیل سے انکار کر دیا تھا اور جہاز میں سوار ہو کر مخالف سمت میں چلا گیا تھا یعنی نینوہ شہر سے اور بھی دور، خدا کے طوفان لانا پڑا، مچھلی تیار کرنی پڑی کہ وہ یوناہ کو نگل جائے اور اُسے پھر اُگل دے، اتنا سب کچھ ہونے کے بعد بھی خدا کا کلام دوسری یوناہ پر نازل ہوتا ہے۔کیونکہ خدا نے یوناہ کو اُس کے حال پر نہیں چھوڑا تھا خدا کا کام یوناہ کی زندگی میں ختم نہیں ہوا تھا اور خدا کا کام آپ کی زندگی میں بھی ابھی پورا نہیں ہوا ہے۔خدا کا فضل عجیب ہے کیونکہ ہم اس بات کا فیصلہ نہیں کرتے کہ وہ کب کہاں اور کیسے ہمیں موصول ہوگا۔یوحنا ۱:۱۶ میں یوں لکھا ہے کیونکہ اُس کی معموری میں سے ہم سب نے پایا یعنی فضل پر فضل۔خدا کی محبت اُن دور کے لوگوں کے لیے ہے جو اُسے نہیں جانتے، خدا کی محبت اُس نبی کے لیے بھی ہے جو خدا کے حکم کی تعمیل سے باغی ہونا چاہتا ہے اور ظاہر خدا کی محبت اُن کے لیے بھی ہے جو آج کے دور میں مسیح خداوند یسوع پر ایمان رکھتے ہیں۔خدا نے یسوع مسیح کو چُنا کہ اُس کے وسیلے سے اُ کا فضل تمام دنیا کے انسانوں تک پہنچ پائے۔خدا نے اپنے کام کے لیے ایک شخص کو چُنا تھا اُس نے یوناہ کو چُنا تھا جب خدا نے یوناہ کو بُلایا کہ اُسے اپنے کام کے لیے استعمال کرے تو اُسے صرف ہدایات دیں نا کہ اُسے اپنا پورا منصوبہ سمجھا دیا۔خدا نے اُسے کہا تھا کہ وہ نینوہ کو جائے اور وہاں پہنچ کر اُسی کلام کی منادی کرے جو خدا اُسے بتائے گا ہماری زندگیوں میں بھی بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ ہمیں خدا کا منصوبہ ہماری زندگیوں کے لیے واضع دکھائی نہیں دیتا ہے بعض اوقات خدا ہمیں صرف پہلا قدم ہی بتا دیتا ہے اور ہمیں ایمان میں وہ پہلا قدم اُٹھانا چاہیے۔ظاہر ہے یہ بھی خدا کا بہت بڑا فضل ہے کہ وہ ہمیں ہماری زندگی کے منصوبوں میں ہر قدم کے بارے میں آگاہ نہیں کرتا اگر ایسا ہو تو شائد ہم تھک کر رہ جائیں گے ممکن ہے مستقبل کے مسائل کو دیکھ کر ایک پہلا قدم بھی نا اُٹھا پائیں گے۔خدا چاہتا ہے کہ ایک وقت میں ایک قدم اُٹھائیں کیونکہ ایسا کرنے سے ہمیں روزانہ کی بنیاد پر خدا کی ذات پر بھروسہ کرنا سیکھیں گے خدا ہمارا کیسا مہربان اور محبت کرنے والا ہے۔یاد کریں آپ نے کبھی سائیکل چلانی کیسے سیکھی ہوگی؟ ضرور ایسا ہی ہوا ہوگا، جب آپ نے پہلی بار پیڈل مارا ہوگا تو کوئی ہوگا جس نے پیچھے سے آپ کی سائیکل کو پکڑ رکھا ہوگا تاکہ آپ گر نا جائیں لیکن

آہستہ آہستہ آپ خود سائیکل چلانے لگ جاتے ہیں۔ خدا کی فرمانبرداری اور بھروسے کا عمل بھی ایسا ہی ہے پہلا قدم اُٹھائیں اور پھر ایک وقت میں ایک قدم اُٹھائیں دیکھیں خدا کیسے آپ کو فرمانبرداری کے پھل سے لاد دے گا۔ خدا نے یوناہ کے ساتھ یہی کیا آہستہ آہستہ اُسے فرمانبرداری کی راہ پر لیے چلا تا کہ ایسا نہ ہو کہ وہ بہت سی ہدایات سُن کر گھبرا جائے، بہت بڑے اور کھٹن قدم ایک ساتھ نہ اُٹھا پائے، خدا اپنی محبت میں اس طرح پیش آتا ہے تا کہ ہم اُس کے منصوبے میں موثر طور پر آگے بڑھ سکیں۔ یوناہ نے وہ سب کچھ منادی کرنے سے بھی انکار کر دیا تھا جس کا حکم خدا نے اُسے دیا تھا اس لیے اُسے توبہ کی ضرورت تھی لیکن ہم یوناہ کی کتاب میں پڑھتے ہیں کہ خدا نے یوناہ کو رد نہیں کیا تھا

چند باتیں آپ کے دھیان و گیان کے لیے:

۱) خدا نے آپ کو کتنے مواقع دیئے ہیں؟ اور کیا آپ کو معلوم ہے کہ خدا اُن مواقعوں کا حساب نہیں رکھتا۔ خدا رحیم اور کریم ہے معاف کرنے والا ہے اگر ہم گراوٹ کا شکار ہوں تو ہمیں توبہ کو موقع فراہم کرتا ہے۔ آیئے اُس رحیم خدا کی دل سے ستائش کرتے رہیں۔

۲) خدا نے آپکو ایک کام کے لیے چُنا ہے، کیا آپ کو معلوم ہے کہ وہ کام کیا ہے؟ کیا آپ اُس کام کے مطابق زندگی گذارتے ہیں؟ یا آپ اُس کام سے دور جا رہے ہیں؟ کیا آپ اپنے آپ کو تیار محسوس کرتے ہیں خدا سے مدد مانگیں وہ رحم اور پُر فضل ہے۔

۳) کیا آپ نے اُس فضل کو قبول کیا ہے جس کی پیش کش مسیح نے کی ہے۔ ایسا فضل جو کبھی موقوف نہیں ہوتا ایسا فضل جو معموری کے ساتھ پیش ہے۔ وہ فضل جو گناہ گار کو رہائی بخشتا ہے وہ فضل جو صلیب سے جاری ہوا تھا اُس کے لہو بہانے کی وجہ سے۔

میری دعا ہے کہ یہ سال آپ کے لیے برکتوں کا سال ہو، اور اُمید ہے کہ آپ کا بڑا دن بھی اچھے سے گذرا۔ خداوند یسوع مسیح نے دنیا میں آ کر خدا باپ کے عہدِ قدیم میں کیے گئے وعدوں کو پورا کیا ہے وہ خدا کا بیٹا بن کر آیا خدا باپ کی پورے طور پر فرمانبرداری کی۔ میری اُمید ہے کہ یوناہ کی کتاب کا تیسرا باب آپ سب کے لیے مسیح کے ساتھ چلنے میں رہنما ہوا ہوگا۔ خداوند کرے کہ ہم سب اس سچ کو دل و جان سے قبول کر لیں کہ زندگی مشکل ہونے سے سچائی نہیں بدلتی، ہمیشہ اپنی آنکھیں اپنے خداوند پر لگا رکھیں اس دنیا کے آزمائشیں ہر قدم پر ہمیں گرانے، ہٹانے اور منکر ہونے کی طرف راغب کرتی ہیں لیکن جب آپ مسیحِ مصلوب، مسیحِ نجات پر نگاہیں جمائے رکھیں گے تو حالات فرق ہونگے۔ خداوند مسیح آپ کو مضبوط ایمان اور قائم دل عطا کرے گا۔ نئے سال میں خداوند کی خدمت میں سرشار رہیں۔

خداوند آپ سب کو برکت دے۔ آمین